سوال

دو سجدوں کے درمیان دعا کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو سجدوں کے درمیان مشہور دعا "الہم اغفرلی وارحمنی واہدنی وعافنیوارزقنی" یہ حدیث صحیح ہے یا ضعیف؟ اگر ضعیف ہے تو کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس روایت کی سند تو بے شک ضعیف ہے لیکن اس دعا کا ایک قوی شاہد صحیح مسلم (2697) میں موجود ہے لہذا اس دعا پر عمل صحیح ہے۔ علاوہ ازیں دو سجدوں کے درمیان "رب اغفرلی رب الاغفرلی پڑھنا بھی ثابت ہے۔

دیکھئے سنن ابی داود (874) والنسائی (1070)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص476

محدث فتویٰ